www.RajTeachers.Com

URDU MODAL PAPER - 2019 – 20
CLASS – 10th

وقت : ۳ گھنٹے ۱۵ منٹ　　　　اردو　　　　کل نمبر: ۱۰۰

1- مندرجہ غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اقتباس کے بعد دیے گئے سوالوں کے جواب دیجئے۔

کبیر نے کسی اسکول میں تعلیم حاصل نہیں کی تھی۔ ان کا اسکول زندگی ہے۔ ان کے گرو سوامی رامانند اور پیر تقی ان کے استاد تھے، جن سے کبیر انسانیت کا پیغام سیکھا۔ دولت کو ٹھکرا نا اور خدا سے لو لگانا سیکھا۔ انسانوں کی خدمت کرنا سیکھا۔ اس طرح کبیر نے اپنے زمانے کی سماجی برائیوں، مثلاً ڈھونگ، خود غرضی کی مذمّت کی۔ ان کا خیال تھا کہ اچھّے لوگوں کی صحبت سے انسان کے اندر بڑی بڑی خوبیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ خدا پر اگر یقین ہو تو بڑی سے بڑی مصیبت ٹل جاتی ہے اور ایسے ہی لوگوں کو زندگی کی اصل خوشی ہوتی ہے۔

(1) اس اقتباس کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 4

(2) کبیر نے ان سماجی برائیوں کی مذمّت کی؟ 1

(3) کبیر کے گرو اور استاد کون کون تھے؟ 1

(4) انسان میں بڑی بڑی خوبیاں کیسے پیدا ہوتی ہے؟ 1

(5) اس اقتباس میں استعمال شدہ الفاظ 'پیغام' اور 'خدمت' کے معنی بتائے۔ 1

مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب ایک یا دو جملوں میں دیجیے :

2- سر سید احمد خاں کہاں پیدا ہوئے؟ 1

3- سبق 'امتحان کی تیاری' کے مصنّف کا نام لکھئے۔ 1

4- عید گاہ میں نوشیرواں کو کس چیز کی ضرورت تھی؟ 1

5- عبدالحمید کی والد اور والدہ کا نام لکھیے۔ 1

6- بہزاد لکھنوی کا اصل نام کیا تھا؟ 1

7- مولانا محمد حسین آزاد کے دو شعری مجموعوں کے نام لکھیے۔ 1

مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دو یا تین سطروں میں دیجیے :

8- "کامیابی و ناکامی خدا کے ہاتھ ہے" یہ بات کس نے کس سے کہی؟ 2

9- ابّو خاں بدنصیب کس طرح تھے؟ 2

10- واجد علی شاہ اختر نے حضرت محل کو "افتخار انساء خانم" کا خطاب کیوں دیا تھا؟ 2

11- آزادی کی تحریک میں شامل ان ہی چار مجاہدینِ آزادی کے نام لکھیے۔ 2

12- کھیلنے کودنے سے متعلق پرانے زمانے میں کون سا مقولہ مشہور تھا؟ 2

13- حمد کسے کہتے ہے؟ 2

14- چمن چھوٹنے کے بعد پرندے کی کیا حالت ہو گئی تھی؟ 2

مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب چار سے چھ سطروں میں دیجیے :

15- 'باغ باغ ہونا' اور 'جان میں جان آنا' محاوروں کے مطلب لکھیے اور ان کو اپنے جملوں میں استعمال بھی کیجیے۔ 6

16- **مندرجہ ذیل رموز و اوقاف میں سے کن ہی دو کی تعریف لکھیے اور ان کی علامتیں (نشانات) بھی بتائیے :** 4

سکتہ   قوسین   خط   ندائیہ ' فجائیہ

17- **مندرجہ ذیل میں سے کن ہی دو کی تعریف لکھیے اور مثالیں بھی دیجیے :** 4

فعل   فاعل   مفعول

18- **مندرجہ ذیل میں سے کن ہی دو لفظوں کے دو دو مترادف الفاظ لکھیے :** 4

سورج   زندگی   دوست

19- **مندرجہ ذیل میں سے کن ہی چار لفظوں کے متضاد (الٹے) لفظ بتائیے :** 4

خاص   صاف   آرام   حلال   جاہل   جیت

20- **مندرجہ ذیل اقتباس میں سے کسی ایک اقتباس کا مطلب لکھیے اور سیاق و سباق کا حوالہ بھی دیجیے :** 8

اللہ تعالی نے ہمیں بہت سی نعمتیں عطا کی ہیں۔ لیکن ان سبھی نعمتوں کا لطف ہم تب ہی اٹھا سکتے ہیں جب ہم تندرست اور صحت مند ہوں۔ اگر ہمارا جسم تندرست نہ ہو تو ہمیں نہ تو کھانے پینے کی چیروں میں لذّت آئے گی اور نہ ہی ہم کسی کام کو پوری توجہ سے کر سکیں گے۔

یہاں تک کی خدا کی عبادت میں بھی ہمارا من نہیں لگے گا۔ ایک تندرست شخص دینی اور دنیاوی دونوں شعبوں میں کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔ اس لیے کہا گیا ہے کہ انسان دولت اور دوسری چیزیں دو بعد میں بھی حاصل کر سکتا ہے لیکن مکمل تندرستی ایک بار جانے کے بعد پھر نہیں آتی۔

یا

تم یقین کرو یا نہ کرو لیکن میاں ایٹم واقعی اتنے چھوٹے ہوتے ہیں کہ اگر مٹر کے برابر پچاس کروڑ موتیوں کا ہار بنائیں دو وہ تقریباً دو ہزار کلو میٹر لمبا ہو گا جب کہ پچاس کروڑ ایٹموں کا ہار صرف انگوٹھی کے برابر ہو گا اور اگر مٹر کے ایک کھوکھے دانے میں ایٹم ٹھوس ٹھوس کر بھرے جائیں تو وہ اتنے زیادہ ہوں گے کہ ان کو گننے کے لیے دنیا کے سارے آدمی (تقریباً چھ ارب) لگ جائیں تو ایک ہزار جنم لے کر بھی نہیں گن سکتے جب کہ آدمی کی عمر سو سال مانی جائے اور وہ سوائے گننے کے کوئی دوسرے کام نہ کریں ' حالانکہ یہی آبادی صرف سال بھر میں دنیا کے سبھی پیڑوں کے پتّیاں گن سکتا ہے۔ اب شاید تمہیں اندازہ ہو گیا ہو کہ میاں ایٹم کتنے چھوٹے ہوتے ہیں۔

21- **نظم یا مثنوی کی تعریف بتائیے۔ (کسی ایک صنف کی)** 6

22- **مندرجہ ذیل اشعارِ غزل میں سے کن دو کے مطلب لکھیں :** 8

(1) درد مِنّت کشِ دوانہ ہوا   میں نہ اچھّا ہوا ' بُرا نہ ہوا

(2) کی مرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ   ہائے ! اُس زُود پشیماں ہونا

(3) جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی — حقِ بندگی ہم ادا کر چلے

(4) صبر تھا ایک مونسِ ہجراں — سو وہ مدّت سے اب نہیں آتا

23- مندرجہ ذیل نظموں میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں : 4

(1) بہادر بنو (2) پرندے کی فریاد (3) تعلیمِ نسواں

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تفصیل سے دیجیے :

24- مندرجہ ذیل شاعروں میں سے کسی ایک کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالیے : 4

(1) علّامہ اقبالؔ (2) مرزا غالبؔ (3) محمودؔ دہلوی

25- اپنے بڑے بہن کی شادی میں شرکت کرنے کے لیے اپنے دوست کو ایک خط لکھیے۔ 10

یا

اپنے اسکول کے پرنسپل / ہیڈ ماسٹر صاحب کو تین دن کی چھٹّی (رخصت) کی درخواست لکھیں۔

26- مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصّل مضمون لکھیے : 10

(1) ہولی کا تہوار

(2) یومِ آزادی

(3) عید

(4) تعلیم نسواں (لڑکیوں کی تعلیم)